جو مریض قیام سے عاجز ہی وہ بیٹھکر نماز پڑھے اور رکوع اور سجدہ کرے یہ ہدایہ مین لکھا ہی عاجز کے معنے مین اصح قول یہ ہی کہ اُسکے کھڑے ہونے سے ضرر ہوتا ہو اور اسی پر فتوے ہی یہ معراج الدرایہ مین لکھا ہی اور اسیطرح جب کھڑے ہونے سے مرض کی زیادتی کا یا دیر مین صحت ہونے کا یا دوران سر کا خوف ہو تب بھی یہی حکم ہی یہ تبیین مین لکھا ہی یا کھڑے ہونے سے درد ہوتا ہو تب بھی یہی حکم ہی اور اگر کچھ تھوڑی سی تکلیف ہو تو قیام کا چھوڑنا جائز نہین یہ کافی مین لکھا ہی اور اگر تھوڑی دیر قیام پر قادر ہی اور ساری نماز مین قادر نہین تو جسقدر کھڑا ہو سکتا ہی اتنی دیر کھڑا ہونیکا حکم کیا جائیگا پس اگر اس بات پر قادر ہی کہ کھڑے ہو کر تکبیر کہے اور قرأت کے واسطے قیام نہین کر سکتا یا تھوڑی سی قرأت کے واسطے بھی قیام کر سکتا ہی پوری قرأت کے واسطے قیام نہین کر سکتا تو اُسکے لیے یہ حکم ہی کہ کھڑے ہو کر تکبیر کہے اور جسقدر کھڑے ہو کر پڑھ سکتا ہی اتنی پڑھ کھڑا ہو کر قرأت کرے پھر عاجز ہو تو بیٹھ جاوے شمس الائمہ حلوانی نے کہا ہی کہ یہی مذہب صحیح ہی اور اگر اسکو چھوڑیگا تو مجھکو یہ خوف ہی کہ اُسکی نماز جائز نہوگی یہ خلاصہ مین لکھا ہی اگر سہارا لگا کر کھڑے ہونے پر قادر ہی تو صحیح یہ ہی کہ سہارا لگا کر کھڑا ہو کر نماز پڑھے اُسکے سوا اور کچھ جائز نہین اسیطرح اگر عصا پر یا اپنے خادم پر سہارا لگا کر کھڑا ہو سکتا ہی تو سہارے سے کھڑا ہو کر نماز پڑھے یہ تبیین مین لکھا ہی اگر مریض ایسا ہو کہ گھر مین نماز پڑھے تو قیام کر سکتا ہی اور اگر نکلے تو قیام پر قادر نہین ہوگا تو ہمارے مشائخ کا اختلاف ہی مختار یہ ہی کہ باہر نکلے گھر مین کھڑا ہو کر نماز پڑھے اسی پر فتوے ہی یہ مضمرات مین لکھا ہی پھر مریض بیٹھکر نماز پڑھے تو کسطرح بیٹھے اصح یہ ہی کہ جسطرح اُسپر آسان ہو اُسیطرح بیٹھے یہ سراج الوہاج مین لکھا ہی اور یہی صحیح ہی یہ عینی شرح ہدایہ مین لکھا ہی اور اگر سیدھا بیٹھنے پر قادر نہین اور کسی دیوار پر یا آدمی پر سہارا لگا کر بیٹھنے پر قادر ہی تو اُسپر واجب ہی کہ اسیطرح سہارے سے بیٹھکر نماز پڑھے یہ ذخیرہ مین لکھا ہی لیٹ کر نماز پڑھنا اُسکو قول مختار کے بموجب جائز نہین یہ تبیین مین لکھا ہے اگر قیام اور رکوع اور سجود سے عاجز ہی اور بیٹھنے پر قادر ہی تو بیٹھکر اشارہ سے نماز پڑھے اور سجدہ کو رکوع سے زیادہ نیچا کرے یہ فتاوے قاضیخان مین لکھا ہی پس اگر رکوع اور سجدہ برابر کریگا تو نماز صحیح نہوگی یہ بحر الرائق مین لکھا ہے اگر رکوع و سجود سے عاجز ہی اور قیام پر قادر ہی تو مستحب یہ ہی کہ بیٹھکر اشارہ سے نماز پڑھے اور اگر کھڑے ہو کر اشارہ سے نماز پڑھے تو ہمارے نزدیک جائز ہی یہ فتاوے قاضیخان مین لکھا ہی اور اشارہ سے نماز پڑھنے والا سہو کا سجدہ بھی اشارہ سے کرے یہ محیط مین لکھا ہی اور اشارہ سے نماز پڑھنے والے کیطرف کوئی لکڑی یا تکیہ اُٹھا دینا مکروہ ہی اور اگر ایسا کیا جاوے تو اگر اُسکا سر سجدہ کے واسطے بہ نسبت رکوع کے زیادہ جھکتا ہی تو جائز ہی یہ خلاصہ مین لکھا ہی لیکن یہ فعل بُرا ہی یہ مضمرات مین لکھا ہی اور اگر رکوع اور سجدہ مین سر اُسکا نہ جھکتا ہو اور لکڑی اُسکی پیشانی پر لگا دیجاوے تو نماز جائز نہوگی یہی اصح ہی اور اگر تکیہ زمین پر پڑا ہو اور اسپر سجدہ کرتا ہو تو نماز جائز ہی یہ خلاصہ مین لکھا ہی اور اگر پیشانی پر زخم ہو اور اسوجہ سے پیشانی پر سجدہ نہ کر سکے تو اُسکو اشارہ سے نماز جائز نہوگی اور اُسکو واجب ہی کہ ناک پر سجدہ کرے اور اگر ناک پر سجدہ نہ کیا اور اشارہ سے نماز پڑھی تو جائز نہوگی یہ ذخیرہ مین لکھا ہی

له اور اگر ایک شخص کھڑے ہو کر پوری قرأت نہین کر سکتا لیکن تکبیر تحریمہ باندھ سکتا ہی تو اُسکو بیٹھکر تحریمہ باندھنا جائز نہین ہی اسی کو ابن الہمام نے فتح القدیر مین مرجح لکھا ۱۲

مطابق اذان کے کلمات ذکر الٰہی اور رسالت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور نماز کا بیان ہے۔ جب شیطان اذان سن کر بھاگتا ہے تو واضح ہے کہ قبر پر اذان پڑھنے سے جو اپنا حربہ اہل قبر کے لئے بوقت سوال نکیرین کے اس نے استعمال کرنا ہو وہ بجائے اس کے استعمال کے دور دراز تک بھاگ جائے گا اور جو جو جواب اہل قبر نے فرشتوں کو دینا ہیں وہ تمام اذان کے کلمات میں موجود ہوتے ہیں۔ اذان سنتے ہی اللہ تعالیٰ کی ربوبیت والوہیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت والے جواب نماز و اسلام کا جواب بھی اسے بطور تلقین وتسکین نصیب ہوتے ہیں۔ منکرین بھی شیطان کی طرح جلتے ہیں اور اذان پڑھنے والوں پر طرح طرح کے اعتراض کر کے اپنی منافقت کا ثبوت دیتے ہیں کیونکہ منافق لوگوں کے متعلق واضح طور پر فرمان اقدس ہے۔ اَلْمُنَافِقُوْنَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۘ يَأْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ اِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ ٥ (پارہ دسواں، چودھواں رکوع)

ترجمہ: اور منافق مرد اور منافق عورتیں ایک ہی جیسے ہیں برائی کا حکم دیتے ہیں بھلائی سے منع کرتے ہیں اور اپنی مٹھی بند رکھتے ہیں۔ اللہ کو چھوڑ بیٹھے تو اللہ نے انہیں چھوڑ دیا۔ بے شک منافق ہی فاسق ہیں۔

مندرجہ بالا فرمان ذیشان سے واضح ہے نیکیوں سے روکنا منافقوں کا کام ہے۔ جو لوگ ایصال ثواب فاتحہ خوانی اور اہل قبور کے لئے دعا مغفرت و دیگر دینی ایمانی و روحانی امور سے روکتے ہیں وہی منافق لوگ ہیں اللہ تعالیٰ ایسے شیطانی وساوس ڈالنے والوں سے مسلمانوں کو محفوظ فرما دے۔ (آمین)

و اخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین.

فحرام بالاجماع مالم يقصد بصرفها الفقراء الاحياء قولا واحدا وقد ابتلى الناس بذلك [1] هكذا فى النهر الفائق والبحر الرائق، عالمگیری،

پس یہ بکرا لغیر اللہ باوجود نیت سابقہ کے اگرچہ تسمیہ کا وقت ذبح کے ذکر کیا ہو حرام ہے جیسا کہ در مختار میں مذکور ہے:۔

ولو سمى ولم تحضره النية صح بخلاف ما لو قصد بها التبرك فى ابتداء الفعل او نوى بها امرا آخر فانه لا يصح فلا تحل [2]

کیونکہ نیت سابقہ کہ فی الحال موجود ہے وہ بھی موجب حرمت کی ہے کما یفہم

اور قبر پر اذان دینا بعد دفن میت یا مردے کے کان میں اذان دینا نزدیک حنفیہ کے نادرست ہے کما یفهم من العالمگیریة والدر المختار :۔

وليس لغير الصلوات الخمس والجمعة والمنذورة وصلوة الجنازة والاستسقاء والضحى والافزاع [3] (هكذا فى التبيين) ولا يسن لغيرها [4] (در مختار)

لیکن کتب شافعیہ میں درست لکھا ہے اور ابن حجر نے شرح عباب میں اس کو رد کیا ہے:۔

وقيل عند انزال الميت القبر قياسا على اول خروجه للدنيا لكن رده ابن حجر فى شرح العباب

---

[1] بحر الرائق، کتاب الصوم، فصل ومن نذر صوم الخ، ج ۲، ص ۳۲۱۔
[2] فتاویٰ خیریہ، ، فصل فی النذر، ج ۱، ص ۱۷، ۱۸۔
[3] در مختار، کتاب الذبائح، ج ۲، ص ۲۲۸۔
[4] عالمگیری، کتاب الصلوۃ، باب ۲، ج ۱، ص ۵۳۔
[5] در مختار، ، باب الاذان، ج ۱، ص ۲۵۹
[6] شامی، کتاب الصلوۃ، باب الاذان، ج ۱، ص ۲۵۸۔

من يرد الله به خيرا يفقهه في الدين

فتاویٰ مسعودی

از

فقیہ الہند حضرت محمد مسعود شاہ محدث دہلوی

مرتب

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

محشی

حضرت مولانا حافظ محمد اشرف مجددی

ناشر

سرہند پبلی کیشنز کراچی

اور جو کہ حدیث شریف صحیح مسلم کی در باب اذان دینے کے وقت دیکھنے غول ...
آئی ہے اور اس کو شامی میں بھی تمسک بہ نسبت غول بیابانی پکڑا ہے، اس پر قیاس کر کے
میت پر اذان دینا غیر صحیح ہے کیونکہ علت اس کی دور کرنا شیطان اور خبیثات جن کا ...

ان قال ان الشیطان اذا نودی بالصلوٰۃ

ولی ولہ حصاص[1]

اور وقت داخل ہونے میت کے قبر میں شیطان یا خبیثات نہیں آتے بلکہ وہ ...
آتے ہیں اگرچہ عذاب کے ہول وہ اذان سے بھاگ نہیں سکتے اور جو کہ کتب ...
جواز لکھا ہے وہ بلفظ "قیل" ہے کہ ضعیف پر دلالت کرتا ہے[2]

۳- عورت مذکور السوال کہ بجہت رقص و سرود کے نوکر تھی، اس وقت کی کمائی
راجہ کی حرام ہے اور کھانا بھی اس کا حرام ہے کیونکہ احادیث میں منع آیا ہے :-

عن ابی ھریرۃ قال نھی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم عن ثمن الکلب وکسب الزمارۃ (رواہ
فی شرح السنۃ)[3]

وعن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم لا تبیعوا القینات ولا تشتروھن ولا تعلموھن
وثمنھن حرام (رواہ الترمذی)[4]

اور اسی طرح عالمگیری میں لکھا ہے :-
"مقابل رقص و سرود کے اجرت لینی حرام ہے"
اور بصورت مسئولہ نوکری راجہ کی بالعوض رقص و سرود کے تھی، پس حرام ہوئی البتہ ...

---

[1]
[2] مولٰنا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ نے "ایذان الاجر فی الاذان علی القبر" میں قبر ...
کے جواز پر دلائل قائم کیے ہیں۔ شریف قادری
[3] مشکوٰۃ، کتاب البیوع، باب الکسب، حدیث ۲۱، فصل ۳ -
[4] ایضاً ، ، ، ، حدیث ۲۲، ، -

''ونص عبارته هكذا" وابو يوسف احتج بحديث عمر رضی الله عنه فانه بعد فراغ المؤذن من الاقامة كان يقوم في المحراب"۔ ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ کی حدیث سے دلیل پکڑی ہے کہ وہ موذن کی اقامت سے فارغ ہونے کے بعد محراب میں کھڑے ہوتے تھے''۔

(۳) بعض حضرات کا یہ خیال ہے کہ از روئے حدیث شریف امام مالک رحمہ اللہ اور عام علما کے مسلک کو ترجیح ہے۔ یہ ان کا خیال ہی خیال ہے۔ اگر اس دور آزادی میں کہ ہندوستان آزاد ہو چکا ہے، ہر شخص کو آزادی ہے جو چاہے خیال رکھے۔ لیکن یہ تو ''مدعی ست گواہ چست'' کی مثل ہے۔ امام مالک خود فرماتے ہیں کہ میں نے اس بارے میں کوئی حدیث نہیں سنی۔ کما مرّ عن عون المعبود و فتح الباری قال مالك في الموطا: لم اسمع في قيام الناس حين تقام الصلوة بحد محدود۔ ''امام مالک نے موطا میں فرمایا کہ نماز میں لوگ کس وقت کھڑے ہوں، اس کے متعلق میں نے کوئی حدیث نہیں سنی''۔ اس لئے وہ اپنی ذاتی رائے یہ لکھتے ہیں: ''الا انی اری ذالك على طاقة الناس''۔ ''لیکن میری ذاتی رائے یہ ہے کہ یہ لوگوں کی طاقت پر ہے''۔

اور یہی وجہ ہے کہ ائمۂ مالکیہ میں اختلاف ہوا۔ اکثر علمائے مالکیہ اس طرف گئے ہیں کہ جب امام مسجد میں موجود ہو تو جب تک تکبیر ختم نہ ہولے، لوگ کھڑے نہ ہوں اور عام علمائے مالکیہ امام مالک سے ایک روایت کے مطابق ابتدائے اقامت سے کھڑے ہونے کو مستحب جانتے ہیں۔ لیکن اہل علم سے پوشیدہ نہیں کہ ''عن'' کر کے مذہب بیان نہیں کیا جاتا بلکہ اس کے لئے قال یا ذهب یا مذهب فلان یا عند فلان کے الفاظ لاتے ہیں اور اگر کوئی ایک روایت ہو تو اس کو عن سے تعبیر کرتے ہیں۔

مقدمہ عمدۃ الرعایہ حاشیہ شرح وقایہ میں ہے: ''الفرق بين 'عنده' و عنه ان الاول دال على المذهب والثاني على الرواية۔ فاذا قالوا "هذا عند ابی حنيفة" دل ذلك على انه مذهبه و اذا قالوا "و عنه كذا" دل على انه رواية عنه ۔'' عندہٗ اور عنہ میں فرق یہ ہے کہ عندہ مذہب پر دلالت کرتا ہے اور عنہ ایک روایت پر تو جس وقت علما کہیں ''هذا عن ابی حنيفة'' اس سے معلوم ہو گیا کہ یہ ان کا مذہب ہے اور جب کہیں 'و عنه كذا' تو معلوم ہوگا کہ ان سے یہ ایک روایت ہے''۔

تو ایسی حالت میں اولاً یہ خیال کرنا کہ از روئے حدیث شریف امام مالک رحمہ اللہ اور عام علما کے مسلک کو

عبارت نقل کر کے یہ بتانے کی کوشش کی کہ مقتدیوں کا کھڑا ہونا امام کے کھڑے ہونے کے تابع ہے۔ ان کے اس عبارت کے نقل کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ اس لئے کہ جب امام مسجد میں نہ ہو تو اس صورت میں ہمارے فقہاء یہی کہتے ہیں جو ہم نے اوپر نقل کیا۔ اس میں کوئی اختلاف ہی نہ تھا۔

تیسری صورت جس میں امام و مقتدی مسجد میں موجود ہوں تو اسکا حکم یہ ہے کہ "حی علی الصلوٰۃ یا حی علی الفلاح" پر کھڑا ہونا امام اور مقتدیوں کے لئے مستحب ہے اور اس سے پہلے کھڑا ہونا مکروہ ہے۔ اس کے متعلق ہمارے فقہاء صراحتاً بیان کرتے ہیں۔

(۱) علامہ ابو بکر بن مسعود کاسانی متوفی ۵۸۷ھ نے بدائع الصنائع میں لکھا:

والجملة فيه ان المؤذن اذا قال حي على الفلاح فان كان الامام معهم في المسجد يستحب للقوم ان يقوموا في الصف

(جلد (۱) كتاب الصلاة، فصل في بيان كلم التكبير، صفحه: ۲۰۰، شركة المطبوعات العلمية، مصر)

خلاصہ کلام یہ کہ امام قوم کے ساتھ مسجد میں ہو تو امام و مقتدی سب کو اس وقت کھڑا ہونا مستحب ہے جب مؤذن حی علی الفلاح کہے۔

(۲) "تنویر الابصار" میں ہے:

والقيام لامام ومؤتم حين قيل حي على الفلاح ان كان الامام بقرب المحراب

(بر حاشيه شامی، جلد (۱) كتاب الصلاة، آداب الصلاة، صفحه: ۳۵۳، مكتبه رشيديه، كوئٹه)

یعنی امام جب محراب کے قریب ہو تو امام اور قوم حی علی الفلاح پر کھڑے ہوں گے۔

علامہ سید محمد امین ابن عابدین متوفی ۱۲۵۲ھ نے شامی میں لکھا:

(۳) كذا في الكنز (۴) و نور الايضاح (۵) و الاصلاح (۶) و الظهيرية والبدائع و غيرها والذي في (۷) الدرر متنا و شرحا عند الحيعلة الاولى يعني حين يقال حي على الصلوٰة اه وعزاه الشيخ اسمٰعيل فيشرحه الى (۸) عيون المذاهب (۹) والفيض (۱۰) والوقاية (۱۱) والنقاية (۱۲) والحاوي (۱۳) والمختار اه قلت واعتمده في متن (۱۴) الملتقى و حكى الاول بقيل لكن نقل ابن الكمال تصحيح الاول و نص عبارته قال في (۱۵) الذخيرة يقوم الامام والقوم اذا قال المؤذن حي على

(حوالہ بالا)

یعنی ایسا ہی کنز الدقائق، نور الایضاح، اصلاح، ظہیریہ اور بدائع وغیرہ میں ہے اور "درر" کی متن اور شرح میں ہے کہ حی علی الصلوٰۃ پر قیام کریں۔ الشیخ اسمٰعیل نے اپنی شرح عیون المذاہب، فیض، وقایہ، نقایہ، حاوی، اور مختار میں نقل کیا۔ میں کہتا ہوں کہ ملتقی کے متن میں اسی کو بیان کیا گیا ہے اور ابن کمال نے بھی اسی کو صحیح قرار دیا۔ اور ذخیرہ میں کہا گیا ہے کہ امام اور مقتدی حضرات جب مؤذن حی علی الفلاح کہے اس وقت کھڑے ہوں۔ علمائے ثلثہ (یعنی امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد) کے نزدیک۔

وقار الفتاویٰ

حضرت علامہ مفتی
محمد وقار الدین
قادری رضوی علیہ الرحمۃ

اعلیٰ حضرت نیٹ ورک
Alahazrat Network

الجواب:-

فرض کفایہ وہ ہوتا ہے، جو کچھ لوگوں کے ادا کرنے سے سب کی جانب سے ادا ہو جاتا ہے اور کوئی بھی ادا نہ کرے تو سب گناہگار ہوتے ہیں اس کے لیے کسی وقت کا تعین نہیں ہے۔ جیسے نماز جنازہ، اس کا کوئی وقت معین نہیں ہے مگر حکم یہ ہے کہ دفن کرنے میں جلدی کی جائے اور جب غسل و کفن دے دیا جائے تو نماز پڑھ کر دفن کروا جائے لوگ اس انتظار میں رہتے ہیں کہ جمعہ کی نماز کے بعد نماز پڑھنے میں زیادہ مسلمان شریک ہو جائیں یہ ناجائز ہے۔ مگر جب میت نماز کے لیے لائی جائے تو فرض اور سنت مؤکدہ کے بعد نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔ علامہ علاء الدین حصکفی متوفی [illegible]ھ نے در مختار میں لکھا:

الفتوی علی تاخیر الجنازة عن السنة

یعنی مفتیٰ بہ قول یہ ہے کہ نماز جنازہ کو سنت سے مؤخر کیا جائے۔

اس پر علامہ سید محمد امین ابن عابدین متوفی [illegible]ھ نے رد المحتار میں لکھا:

ای سنة الجمعة کما صرح بہ ھنا ک و قال فعلی ھذا تؤخر عن سنة المغرب لانھا آکد

(شامی، جلد (۱) باب العیدین، مطلب فیما یرجع تقدیمہ من صلوٰۃ عید، صفحہ: ٦١، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)

یعنی سنت جمعہ سے جیسا کہ وہاں اس کی وضاحت ہے اسی بناء پر سنت مغرب سے بھی (نماز جنازہ) مؤخر کریں گے کیونکہ ان کی تاکید آئی ہے۔

مکروہ کی تعریف

الاستفتاء:-

ایک سوال کا جواب مطلوب ہے:

مکروہ تنزیہی اور مکروہ تحریمی میں کیا فرق ہے؟

سائل: عبد الرؤف قادری

الجواب:-

فقہاء کے نزدیک مکروہ جب مطلقاً بولا جاتا ہے تو اس سے مراد مکروہ تحریمی ہوتا ہے۔ مکروہ تحریمی حرام کے قریب ہے اور سزا کے اعتبار سے حرام کی طرح ہے، یعنی دونوں پر آخرت میں جہنم کی سزا ہے اور مکروہ تنزیہی حرام نہیں ہے، لیکن اس کو کرنا نہیں چاہئے اور کرنے والا گناہگار نہیں ہوتا۔

Page:

فقہاء اذان قبر مستحب و جائز و سنت است۔ و نزد ابن حجر مکی و شامی و علامہ خیر الدین رملی اذان قبر فقط جائز و مستحب و فائدہ مند است و لے سنت نیست بلکہ بدعت حسنہ و تاویل شما در قول شامی درست نیست۔ زیرا کہ مراد از عند اِدْخَالِ الْمَيِّتِ۔ ہمہ وقت دفن است و مقصود از ایں پیشگی نیست شد۔

کتبہ

نماز کی نیت کب شروع کرے تکبیر بیٹھ کر سننا واجب ہے

سوال نمبر ۹ کیا فرماتے ہیں۔ علماء دین اس مسئلہ میں کہ جماعت کھڑی ہونے پر تکبیر کہی جا رہی ہے۔ تو امام کس وقت نیت کرکے تکبیر تحریمہ کہے۔ بعض بزرگوں کا فرمان ہے کہ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ کے وقت امام نیت کرے۔ اور جب تکبیر ختم ہو۔ تو فوراً تکبیر تحریمہ کہے اور نماز شروع کرے۔ ایک اور بزرگ فرماتے ہیں۔ کہ امام اور مقتدی کا اطمینان سے تکبیر سنیں تکبیر تحریمہ ختم ہونے کے بعد نیت کرے۔ پھر تکبیر تحریمہ کہے۔ لہٰذا آپ اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں کہ امام کس وقت نیت اور تکبیر تحریمہ کہے۔ اور مقتدی کس وقت نیت شروع کریں۔ بَيِّنُوْا تُوْجَرُوْا اھ

سائل:۔ جناب ماسٹر محمد عبد المجید صاحب سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت دینہ شہید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مقام دینہ ضلع جہلم۔ پاکستان۔ مورخہ ۱۲-۱-۱۹۷۹

بِعَوْنِ الْعَلَّامِ الْوَهَّابِ ط

الجواب

قانون شریعت مطہرہ کے مطابق نماز کی تکبیر جس کو عربی میں اقامت کہا جاتا ہے۔ تمام نمازیوں کو بیٹھ کر سننا واجب ہے۔ خواہ مقتدی ہوں یا امام۔ حدیث پاک میں بہت جگہ اس کا حکم دیا گیا ہے۔ چنانچہ ترمذی شریف جلد اول صفحہ نمبر ۲۸ پر ہے۔ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبِلَالٍ۔ يَا بِلَالُ اِذَا اَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ فِيْ اَذَانِكَ وَاِذَا اَقَمْتَ فَاحْدُرْ وَاجْعَلْ بَيْنَ اَذَانِكَ وَاِقَامَتِكَ قَدْرَ مَا يَفْرُغُ الْاٰكِلُ مِنْ اَكْلِهٖ وَالشَّارِبُ مِنْ شُرْبِهٖ وَالْمُعْتَصِرُ اِذَا دَخَلَ لِقَضَاءِ حَاجَتِهٖ وَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِيْ ط (ترجمہ)۔ حضرت جابر سے مروی ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال کو فرمایا۔ اے بلال جب اذان دو۔ تو آواز ٹھہر ٹھہر کے لمبی کھینچو۔ اور تکبیر پڑھو۔ تو جلدی کرو۔ بغیر ٹھہرے اور اذان و تکبیر کے درمیان اتنا وقفہ کرو۔ کہ کھانے والا کھانے سے اور پینے والا پینے سے۔ استنجے والا قضاء حاجت سے فارغ ہو جائے۔ اور اے نمازیو! تم تکبیر سن کر اس وقت تک نہ کھڑے ہوا کرو۔ جب تک مجھ کو نہ دیکھ لو۔ اس حدیث کی سند میں۔ احمد بن حسن جیلی بن اسد۔ عبد المنعم یحییٰ بن مسلم اور حسن اور عطاء۔ راویان کرام ہیں۔ ترمذی شریف اول صفحہ نمبر ۲۸ پر دوسری سند کے ساتھ اسی حکم کی ایک اور حدیث مکتوب ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ۔ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ

اللہ تعالیٰ جب کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے ——— (سنن ابن ماجہ، مقدمہ، باب فضل العلماء)

وقار الفتاویٰ

مفتیِ اعظم پاکستان

حضرت علامہ مفتی محمد وقار الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب و تخریج

مولانا محمد شعیب قادری رضوی

بزمِ وقار الدین

گلفشاں لائبریری، بلاک ۴، گلستانِ مصطفےٰ کراچی

فتاوی ملک العلما

ملک العلما شاہ محمد ظفر الدین قادری رضوی علیہ الرحمہ

مرتب اعزازی

نبیرۂ ملک العلما ڈاکٹر طارق مختار

ترتیب و تقدیم

ساحل سہسرامی (ملیگ)

ترغیب و تشویق

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی ایم اے

ایڈیٹر جہان رضا لاہور

العطایا الاحمدیہ فی فتاوی نعیمیہ

فتاوی نعیمیہ

صاحبزادہ اقتدار احمد خان بدایونی نعیمی

تحریمی مراد لیتے ہیں شامی اور فتح القدیر میں ایسا ہی لکھا ہے۔ یہ حکم صرف مقتدیوں کے لیے نہیں۔ بلکہ امام پر بھی اس حکم کی اتباع واجب ہے۔ چنانچہ عالمگیری نے اسی جگہ لکھا۔ ان کان المؤذن غیر الامام۔ وکان القوم مع الامام فی المسجد فانہ یقوم الامام والقوم اذا قال المؤذن حی علی الفلاح عند علمائنا الثلاثۃ وھو الصحیح۔ (ترجمہ):۔ اگر تکبیر پڑھنے والا مؤذن امام کے سوا ہو۔ اور تمام نمازی امام کے ساتھ مسجد میں ہوں تو امام اور مقتدی سب اس وقت کھڑے ہوں۔ جب مؤذن حَیَّ عَلَی الفَلاح کہے۔ اور یہ صحیح مسئلہ تینوں اماموں کے نزدیک متفق ہے۔ یعنی امام اعظم اور صاحبین کے نزدیک پس ان دلائل سے یہ تو ثابت ہو گیا۔ کہ پنجگانہ جماعت کی تکبیر بیٹھ کر سننا لازم ہے۔ کھڑے ہو کر سننا مکروہ تحریمی ہے۔ مگر حدیث پاک نے بیٹھ کر تکبیر سننے کا کیوں حکم دیا؟ اور فقہاء کرام نے اسی حدیث کے اقتضاء سے ابتداً کھڑے ہو جانے کو کیوں مکروہ فرمایا؟ تو یاد رکھیے۔ کہ جس طرح اذان مؤذن کو پانچ نمازوں کے وقت ادب و احترام سے سننا واجب ہے۔ اور نہ سننے والے شخص کے لیے احادیث میں سخت وعیدیں آئی ہیں۔ اسی طرح ہر جماعت کی تکبیر کو بھی خاموشی اور ادب سے سننا واجب ہے۔ اور جس طرح ہر سننے والے کے لیے اذان کے الفاظ دھرانے باعث ثواب و اجر عظیم ہیں۔ (جیسا کہ احادیث متعددہ سے ثابت ہے)۔ اسی طرح جماعت کی تکبیر کے الفاظ کا بھی آہستہ آہستہ جواب دینا باعث اجر و ثواب ہے۔

چنانچہ مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر ۶۴ پر ہے:۔ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَوْ بَعْضِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ بِلَالًا اَخَذَ فِی الْاِقَامَۃِ فَلَمَّا اَنْ قَالَ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا۔ وَقَالَ فِیْ سَائِرِ الْاِقَامَۃِ کَنَحْوِ حَدِیْثِ عُمَرَ فِی الْاَذَانِ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ (ترجمہ):۔ حضرت ابی امامہ یا کسی اور صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ تکبیر پڑھنے لگے۔ جب قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ پر پہنچے۔ تو پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا۔ اے اللہ ان تکبیروں کو قیامت تک قائم و دائم فرما اور تمام تکبیر میں آپ اسی طرح جواباً فرماتے رہے جس طرح حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث پاک اذان کے جوابات کے بارے میں گزر گئی۔ (اقامھا میں ھا ضمیر مونث کا مرجع تکبیر کی طرف بھی ہو سکتا ہے اور نماز کی طرف بھی مگر اکثر علماء کرام تکبیر کی طرف راجع ہے لیے ہم نے یہی اختیار کیا) لہٰذا ثابت ہوا۔ کہ تکبیر کے وقت بیٹھنا اس لیے ضروری ہے۔ تا کہ ہر نمازی اپنی اپنی زبان سے کلمات تکبیر دھراتا رہے۔ یہاں تک حکم ہے۔ کہ اذان یا تکبیر ہوتے وقت دنیا کا کلام تو در کنار تلاوت قرآن کریم بھی بند کرنی لازمی ہے چنانچہ فتاویٰ ہندیہ جلد اوّل صفحہ نمبر ۵۵ پر ہے:۔ وَلَا یَنْبَغِیْ اَنْ یَّتَکَلَّمَ السَّامِعُ فِیْ خِلَالِ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَۃِ وَلَا یَشْتَغِلُ بِقِرَاءَۃِ الْقُرْاٰنِ وَلَا بِشَیْءٍ مِّنَ الْاَعْمَالِ سِوَی الْاِجَابَۃِ (ترجمہ) اور نہیں لائق ہے۔ یہ کہ اذان اور تکبیر ہونے کے وقت درمیان میں کلام کرے۔ (یعنی دنیاوی کوئی بھی سننے والا اور نہ

شروع کرنے کے لیے حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ پر کھڑا ہونا چاہیے اور شاید یہ حکم امام کے حاضر ہونے کے وقت کا ہے۔ یہ بھی احتمال ہے۔ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے وقت حجرۂ مقدسہ سے باہر تشریف لاتے تھے۔ ان تمام تشریحات واحادیث سے ثابت ہوا۔ کہ امام اور مقتدیوں کو ہر جماعت کی تکبیر بڑے اطمینان سے بیٹھ کر سننا چاہیے۔ شروح اربعہ ترمذی کے صفحہ نمبر ۲۲۱ پر ہے لَاتَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِیْ الخ و بر نخیزید برائے نماز بمجرد تکبیر بر آوردن تا آنکہ ببینید مرا یعنی بیرون آمدم از درون خانہ و در کتب فقہ مذکور است۔ کہ چوں حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ۔ گوید باید برخاست شاید کہ آں حضرت نیز دریں وقت بیرون می آید۔ ترجمہ:۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے وقت سب نمازیوں کو جماعت کے لیے کھڑا ہونا چاہیے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اسی وقت حجرۂ پاک سے باہر تشریف لاتے تھے۔ اور تمام فقہاء بھی یہی فرماتے ہیں۔ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لَاتَقُوْمُوْا فرمانے کی وجہ بھی یہی لکھا ہے۔ اسی طرح کتاب شروح اربعہ کے صفحہ نمبر ۱۲۵ پر ہے۔ چوں اقامت گفتہ شود برائے نماز پس بر نخیزید تا آنکہ ببینید مرا کہ تحقیق بیرون آمدم از درون خانہ۔ ترجمہ:۔ اس لَاتَقُوْمُوْا والی حدیث پاک سے ثابت ہوا۔ کہ جب اقامت کہی جائے۔ تو کوئی نمازی نہ کھڑا ہو۔ جب تک کہ مجھ کو نکلتا نہ دیکھ لے۔ جب میں باہر آ جاؤں۔ تب کھڑے ہوا کرو۔ احادیث مطہرہ کا یہ حکم ظاہراً اگرچہ صحابہ کرام کو دیا جا رہا ہے۔ مگر حقیقتاً قیامت تک کے لیے حکم جاری کیا ہے۔ چنانچہ شرح ابی الطیب صفحہ نمبر ۱۲۵ پر ہے:۔ لَاتَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِیْ قَدْ خَرَجْتُ اَیْ مِنَ الْحُجْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ۔ وَھٰذَا یَدُلُّ عَلٰی جَوَازِ تَقْدِیْمِ الْاِقَامَۃِ عَلٰی خُرُوْجِ الْاِمَامِ (ترجمہ):۔ لَاتَقُوْمُوْا۔ والی حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے۔ کہ امام کے باہر آنے سے پہلے تکبیر کہنا جائز ہے۔ اور یہ شرط نہیں کہ امام تکبیر سے پہلے مصلیٰ پر بیٹھے۔ ان احادیث اور ان کی شروح سے ثابت ہوا۔ کہ تکبیر بیٹھ کر سننا واجب ہے۔ تمام فقہاء کے نزدیک۔ انہی احادیث کے اقتضاء اور دلالت کی بنا پر تکبیر کے لیے نہ بیٹھنا اور کھڑے ہو جانا مکروہ تحریمی ہے۔ چنانچہ فتاویٰ عالمگیری جلد اول صفحہ نمبر ۵۷ پر ہے:۔ اِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ عِنْدَ الْاِقَامَۃِ یُکْرَہُ لَہُ الْاِنْتِظَارُ قَائِمًا وَلٰکِنْ یَقْعُدُ ثُمَّ یَقُوْمُ اِذَا بَلَغَ الْمُؤَذِّنُ قَوْلَہٗ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ (ترجمہ) جب مرد نمازی مسجد میں تکبیر کے وقت داخل ہوا۔ تو کھڑے رہنا۔ اور کھڑے کھڑے ختم ہونے کا انتظار کرنا مکروہ ہے۔ لیکن پہلے بیٹھے پھر کھڑا ہو۔ جب کہ مُؤَذِّنْ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ۔ پر پہنچے اور یہ پہلے بتا دیا گیا ہے۔ کہ مطلق مکروہ سے مراد

فتاویٰ نوریہ

جلد اوّل

تصنیف

شیخ الحدیث فقیہِ اعظم مولانا الحاج ابوالخیر محمد نور اللہ صاحب النعیمی القادری

بانی دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور

ترتیب وتدوین

استاد الفقہ والحدیث حضرت مولانا علامہ الحاج ابوالفضل محمد نصر اللہ صاحب نوری

رحمہ اللہ تعالیٰ

ناشر

شعبۂ تصنیف وتالیف دارالعلوم حنفیہ فریدیہ

بصیر پور، ضلع اوکاڑہ

فتاوی ملک العلما

ملک العلما شاہ محمد ظفر الدین قادری رضوی علیہ الرحمہ

ترتیب و تقدیم

ساحل سہسرامی

مرتب اعزازی

نبیرۂ ملک العلما ڈاکٹر طارق مختار

ترتیب و تشویق

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی ایم اے

ایڈیٹر جہان رضا لاہور

ادا رِ نماز سے قبل نہ بیٹھے اور چونکہ امام حاضر ہے لہٰذا حدیث لا تقوموا حتی ترونی کا تقاضا بھی نہیں کہ قیام نہ کرے۔ رہا سائل کا استدلال کہ ہمارے نزدیک حی علی الفلاح پر قیام مستحب ہے جو قعود پر موقوف ہے لہٰذا قعود بھی مستحب ہوا، تو یہ محض باطل ہے کیونکہ یہ قیام مستحب تو مقدمہ ہے اسی قیام کا جو بحکم قوموا للّٰہ قانتین نماز فرض میں فرض ہے حالانکہ منفرد یا امام و مقتدی پر فرض نماز سے قبل قعود قطعاً فرض نہیں بلکہ منفرد کے لئے تو کسی نے مستحب تک بھی نہیں کہا تو معلوم ہوا کہ قیام قعود پر موقوف نہیں ورنہ قعود بھی قیام کی طرح فرض ہوتا ولم یقل بہ احد۔ اور یہیں سے واضح ہوا کہ مضمرات شرح قدوری میں مولانا صوفی یوسف بن عمر کا دوری کا ایسے داخل مسجد کے لئے قعود کا حکم دینا اور قیام مکروہ بتانا بے دلیل ہے اور صحیح نہیں اسمیں حضور پر نور روحی فداہ محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم مذکور کی صریح خلاف ورزی ہے جو ہمارے کسی بھی امام کا قول ہرگز ہرگز نہیں ہو سکتا لہٰذا مقبول نہیں اور ہندیہ اور دُرّ وغیرہ کا مضمرات سے نقل کرنا بھی صحیح نہیں بنا سکتا کہ غیر صحیح نقل کر دینے سے صحیح نہیں بن جاتا۔

تعجب ہے کہ امام کی موجودگی کی صورت میں تکبیر سے پہلے حاضرین کے لئے قیام عند الفلاح ہمارے ائمہ کرام کے نزدیک مستحب تو ہے مگر مستحب کا خلاف دلیل خاص کے بغیر مکروہ نہیں بن سکتا کما صرح بہ الشامی وغیرہ تو وقت پر آنیوالے کے لئے کیوں مکروہ ہوا!! اس مبارک اور صحیح حدیث کو بکثرت ائمہ دین نے اپنی اپنی مبارک تصانیف میں باسانید معتبرہ متصلہ روایت فرمایا ہے چنانچہ موطا امام مالک ص ۱۳۶ (طبع اصح)، موطا امام محمد ص ۱۱۹ (یوسفی) مسند امام احمد ص ۲۹۵، ۲۹۶، ۳۰۳ ج ۵، صحیح بخاری ص ۶۳ باسنادین صحیح مسلم ص ۲۴۸ ج ۱، سنن ابی داؤد ص ۷۶ (مجیدی) باسنادین ترمذی ص ۴۳ ج ۱ (اصح) ابن ماجہ ص ۷۲ (اصح) شرح السنۃ ص ۳۶۵ ج ۲ وغیرہا میں بکلمات متقاربہ ہے واللفظ من البخاری وغیرہ عن ابی قتادۃ السلمی ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال اذا دخل احدکم المسجد فلیرکع رکعتین قبل ان یجلس

مصنف عبد الرزاق ص ۴۲۸ ج ۱، بخاری ص ۱۵۶ ج ۱، مسلم ص ۲۴۸ ج ۱ میں بایں کلمات متقاربہ بھی ہے اذا دخل احدکم المسجد فلا یجلس حتی یصلی رکعتین۔ اور ابن ماجہ ص ۷۲ میں حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث مرفوع میں بھی یہی

ے شامی مع رد المحتار کے مجموعۃ الرسائل ج ۱ ص ۱۳ سے ص ۱۵ تک ہے قلت وقد یتفق نقل قول فی نحو عشرین کتابا من کتب المتاخرین و یکون القول خطأ اخطأ بہ اول واضع لہ فیأتی من بعدہ وینقلہ عنہ وھکذا ینقلہ بعضھم عن بعض کما وقع ذالک (الی ان قال) ولہذا الذی ذکرناہ نظائر کثیرۃ اتفق فیہا صاحب البحر والنہر والمنح والدر المختار وغیرھم وھی سہو منشأھا الخطأ فی النقل او سبق النظر الخ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ کبھی کسی کتاب کا مصنف کوئی غلط بات سہواً درج کر دیتا ہے اور بعد میں آنیوالے یونہی نقل کرتے جاتے ہیں حتی کہ بیس کے قریب کتابوں میں نقل ہو جاتا ہے حالانکہ وہ بھول ہوتی ہے اور اس کی بکثرت نظیریں ہیں جن میں بحر و نہر اور منح و در مختار وغیرہ کے مؤلفین نے نقل میں اتفاق کیا حالانکہ وہ بھول اور سہو ہیں ۱۲ منہ غفر لہ

محمد مظہر اللہ غفرلہ

جامع فتحپوری، دہلی

...س وقت خطبہ کی اذان ختم ہوتی ہے ہاتھ اٹھا کر دعا

مستفتی

فضل احمد (دہلی)

...سکتے ہیں خواہ ہاتھ اٹھا کر یا بلا ہاتھ اٹھائے ہر طرح

محمد مظہر اللہ غفرلہ

مسجد جامع فتحپوری، دہلی

(سوال نمبر ۹) ایک جامع مسجد میں یہ طریقہ رائج ہے کہ نماز کے وقت جب اقامت کہی جاتی ہے تو امام اور مقتدی بیٹھے رہتے ہیں اور جب موذن "قد قامت الصلوٰۃ" کہتا ہے تو سب کھڑے ہو جاتے ہیں اور فوراً صف بندی ہو جاتی ہے۔ کیا اس صورت میں یہ طریقہ درست ہے۔ مدلل جواب مرحمت فرما کر ممنون فرمائیں۔

مستفتی

ظفر احمد۔ کراچی

الجواب

مستحب تو یہی ہے کہ اگر امام مصلے پر موجود ہو تو جب اقامت کہنے والا "حی علی الفلاح" کہے اس وقت امام اور مقتدی اٹھیں۔ "قد قامت الصلوٰۃ" سے قبل امام تکبیر کہہ دے اور امام باہر سے آتا ہے تو جس صف سے گزرے اس کو کھڑا ہو جانا چاہیئے اور صفوں کے سامنے سے آتا ہو تو امام کو دیکھتے ہی سب کو کھڑا ہو جانا چاہیئے لیکن صفوف کا سیدھا کرنا سنت موکدہ ہے۔ سرکار عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی سخت تاکید فرمائی ہے چنانچہ نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:۔

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یسوی صفوفنا حتی کانما یسوی به القداح حتی رای انا قد عقلنا عنه ثم خرج یوما فقام حتی کاد

ان یکبر فرای رجلا بادیا صدره من الصف فقال عباد اللہ لتسون صفوفکم او لیخالفن اللہ بین وجوھکم۔ رواہ مسلم

یعنی حضور ہماری صفیں تیر کی طرح سیدھی فرماتے تھے یہاں تک کہ خیال فرمایا کہ ہم سمجھ گئے پھر ایک روز تشریف لائے یہاں تک کہ قریب تھا کہ تکبیر کہیں کہ ایک شخص کا صف سے سینہ باہر نکلا ہوا ملاحظہ کیا تو فرمایا کہ اللہ کے بندو صفیں برابر کرو ورنہ تمہارے اندر اللہ تعالیٰ اختلاف ڈال دے گا۔

"لیخالفن اللہ" ——— محشی لکھتے ہیں :۔

ای یحولها علیٰ ادبارکم و یمسخها علی صورة بعض الحیوانات کالحمار مثلا والمراد بالوجوه الذوات او وجوه قلوبکم ای ---------- وفیه غایة التهدید والتوبیخ ای واللہ لابد من احدهما الامرین تسویتکم صفوفکم او ان اللہ تعالیٰ یخالف بین وجوهکم۔

اس سے علاوہ احادیث اس باب میں وارد ہیں جو اہل علم سے پوشیدہ نہیں جو کم از کم اس کے سنت موکدہ ہونے پر دلیل ہیں۔ برخلاف اس کے "حی علی الفلاح" کے اوپر کھڑے ہونے کے متعلق کوئی ایک حدیث بھی میری نظر سے نہیں گزری بلکہ بعض احادیث اس کے مخالف بادیۃ النظر میں معلوم ہوتی ہیں۔ مثلاً "جب ہم نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو حضور ہماری صفوف برابر کرتے ہیں جب برابر ہو جاتی تھیں تب تکبیر فرماتے تھے" ——— اور روایت ہے کہ "حضور صف کے کنارے سے دوسرے کنارے تک جاتے اور ہمارے مونڈھے یا سینہ پر دست مبارک پھیرتے۔"

الحاصل ہمارے تینوں ائمہ نے "حی علی الفلاح" کے نزدیک کھڑے ہونے کو چونکہ مستحب کہا ہے اس لئے اگر صفوف سیدھی ہو جاتی ہیں تو اسی وقت کھڑا ہونا چاہیئے اور سیدھی نہ ہوتی ہوں تو اول ہی سے کھڑا ہونا چاہیئے کہ صفوں کے سیدھے نہ ہونے میں کراہت ہے اور "حی علی الفلاح" پر نہ کھڑے ہونے میں کراہت نہیں ہے۔ اور بہتر یہ ہے کہ امام باہر سے آئے کہ اس مستحب کے ترک کا بھی مرتکب نہ ہو لیکن جہاں یہ صورت ہو کہ فوراً ہی (صفیں) سیدھی کر لیتے ہیں اور بیچ میں مزاحمت بھی باقی نہیں رہتا وہاں یہی صورت متعین ہونی چاہیئے کہ "حی علی الفلاح" پر امام اور مقتدی کھڑے ہوں۔

میں مسجد میں حاضر نہیں ہو رہا اپنے ضعف کی وجہ سے اور کتابیں مسجد میں ہیں اس لئے اس سے زیادہ تحقیق نہیں کر سکتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد مظہر اللہ غفرلہ

مسجد جامع فتحپوری دہلی

فتاویٰ نوریہ

جلد اوّل

تصنیف

شیخ الحدیث فقیہِ اعظم مولانا الحاج ابو الخیر محمّد نور اللہ صاحب النعیمی القادری

بانی دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور

ترتیب و تدوین

استاذ الفقہ والحدیث حضرت مولانا علامہ الحاج ابو الفضل محمد نصر اللہ صاحب نوری

رحمہُ اللہ تعالےٰ

ناشر

شعبۂ تصنیف و تالیف دار العلوم حنفیہ فریدیہ

بصیر پور، ضلع اوکاڑہ

لئے کبھی آپ نے ترک بھی فرمادیا ہو۔ اس کا چھوڑ دینا وجہ عذاب وعتاب ہے۔ یعنی عادتاً چھوڑنے والا مستحق عذاب اور نادراً چھوڑنے والا مستحق عتاب ہے اور اسی کو اصطلاح میں اسائت بھی کہتے ہیں جو سنتِ مؤکدہ کے بالمقابل ہے۔

④ **سنّتِ غیر مؤکدہ:** اسی کو سنّتِ زائدہ بھی کہتے ہیں۔ جس کے بجالانے کی تاکید سنّت سے ثابت نہ ہو خواہ حضور اقدس سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہمیشہ اس پر عمل فرمایا ہو یا نہیں۔ اس کو بجالانا ثواب اور چھوڑ دینا اگرچہ عادتاً ہو وجہ عذاب نہیں ہاں موجبِ نفرت وعتاب ہے۔

⑤ **مستحب۔** جس کی بجاآوری عند الشرع محبوب وپسندیدہ ہو اور اس کا ترک کر دینا عذاب وعتاب کا سبب نہ ہو۔ خواہ اس عمل نے سیّدِ کائنات علیہ الصّلوات والتسلیمات کی عملی زندگی میں باریابی حاصل کی ہو یا نہیں کسی عمل کے مستحب ومندوب ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ اس کو ائمہ اسلام یا علماء کرام نے پسند فرمایا ہو اس کا کرنا وجہِ ثواب اور نہ کرنا وجہِ عتاب وسرزنش نہیں۔

نوٹ: یہ پانچوں وہ افعالِ شرعیّہ ہیں جن کی بجاآوری شرع کے نزدیک مقصود ومطلوب ومحبوب ہے اور ان کے مقابل پانچ ممنوعاتِ شرعیّہ ہیں جن کا ترک عند الشرع مطلوب ومحبوب ہے۔

⑥ **حرام:** یہ فرض کے بالمقابل ہے جس کی ممانعت بہ نصِ قطعی ثابت ہو۔ لہٰذا اس سے بچنا ضروری (فرض) ہے۔ اور اس فعل کا مرتکب ہونا خواہ عادتاً ہو یا نادراً استحقاقِ عذاب کو لازم کرتا ہے۔ کیونکہ شرعاً اس کا ارتکاب گناہِ کبیرہ اور فسق ہے۔

⑦ **مکروہِ تحریمی:** وہ ہے جس کی ممانعت دلائلِ شرعیّہ سے بطور دلیل ظنی ثابت ہو۔ یہ واجب کے مقابل ہے۔ اس کا فاعل مستحق عذاب اور گنہ گار ہوتا ہے مگر اس کا گناہ حرام سے کم ہے۔ اگر کسی عبادت میں واقع ہو تو عبادت

کو ناقص بنا دیتی ہے لہٰذا اس عبادت کا اعادہ عند الشرع مطلوب ہے۔

⑧ **اِساءت:** یہ مکروہ تحریمی اور مکروہ تنزیہی کے درمیان گویا برزخ ہے یعنی تحریمی سے کچھ خفیف ... اور تنزیہی ... لہٰذا یہ سنّت مؤکدہ ... اور نادراً اس کے فاعل

... شریف کو پسند نہیں۔ لیکن ... نہیں ہوگا۔ ہاں قابلِ سرزنش ... ہے۔

... نہ کرنا بہتر ہے اور کر لینے

... بت وغیرہا پر کوئی دلیل شرع ... یک برابر ہو۔ لہٰذا اس کے ... ب وعتاب۔

... ہے کہ مستحب سے زیادہ اہم سنّتِ ... مؤکدہ ہے۔ اور سنّتِ مؤکدہ ... ضروری فرض ہے۔ اسی طرح ... برا مکروہ تنزیہی ہے اور ... سے بدتر مکروہ تحریمی ہے ... ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

... ایمسٹرڈم ہالینڈ

... روٹرڈم

یورپ کے نو پید مسائل کے شرعی حل کا عظیم شاہکار

فتاوی یورپ

تصنیف مفتی عبد الواحد قادری

شبیر برادرز

اردو بازار لاہور

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا

اور رسول تم کو جو (احکام) دیں ان کو قبول کرو اور جن کاموں سے تم کو منع کریں ان سے باز رہو

شرح صحیح مسلم

جلد اوّل

مقدمہ، کتاب الایمان، کتاب الطہارۃ، کتاب الحیض، کتاب الصلوٰۃ

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

نہ ہو تو جس صف کے پاس سے امام گزرے وہ لوگ کھڑے ہو جائیں۔

علامہ طحطاوی لکھتے ہیں:

واذا اخذ المؤذن في الاقامة ودخل رجل المسجد فانه يقعد ولا ينتظر قائما فانه مكروه كما في المضمرات قهستاني ويفهم منه كراهة القيام ابتداء الاقامة والناس عنه غافلون [2]

جب مؤذن نے اقامت شروع کی اور اس وقت کوئی شخص مسجد میں داخل ہوا تو وہ بیٹھ جائے اور کھڑے ہو کر انتظار نہ کرے کیونکہ یہ مکروہ ہے مضمرات، اور اس سے یہ معلوم ہوا کہ اقامت کے شروع میں کھڑا ہونا مکروہ ہے اور لوگ اس سے غافل ہیں۔

حی علی الفلاح پر کھڑا ہونا مستحب ہے اس لیے اس سے پہلے کھڑا ہونا مستحب کے خلاف ہے اور حاشیہ طحطاوی اور اسی طرح عالمگیری میں جو اس کو مکروہ لکھا ہے اس سے مراد مکروہ تنزیہی ہے اور دراصل یہ خلاف اولیٰ ہے۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ مستحب کے ترک پر ملامت نہیں کی جاتی، اس لیے جو لوگ اقامت کے وقت پہلے سے کھڑے ہو جائیں ان کو ملامت نہیں کرنا چاہیے اور مستحب کے ساتھ واجب کا معاملہ نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ کسی مستحب کو ترک کرنے میں اتنی قباحت نہیں ہے، جتنی کسی مستحب کو واجب قرار دینے میں قباحت ہے، اور اگر کچھ لوگ حی علی الفلاح پر اٹھنے والوں کو ملامت کریں کہ یہ دیر سے اٹھتے ہیں اور ان کو اقامت کی ابتداء میں کھڑا ہونا چاہیے تھا تو یہ اور زیادہ مذموم ہے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

جب مؤذن قد قامت الصلوٰۃ کہے اس وقت کھڑے ہونا مستحب ہے۔ [3]

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں:

امام شافعی اور ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ جب تک مؤذن اقامت سے فارغ نہ ہو اس وقت تک کسی کا کھڑا نہ ہونا مستحب ہے۔ [4]

امام مالک فرماتے ہیں:

واما قيام الناس حين تقام الصلوة فاني لم

اقامت کے وقت لوگ کب کھڑے ہوں؟ میں

---

[1] علامہ حسن بن عمار بن علی شرنبلالی حنفی متوفی ۱۰۶۹ھ، مراقی الفلاح ص ۱۲۶، مطبوعہ مصطفی البابی واولادہ مصر، ۱۳۵۶ھ

[2] علامہ احمد بن محمد بن اسماعیل طحطاوی حنفی متوفی ۱۲۳۱ھ، حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح مطبوعہ مصطفی البابی واولادہ مصر ۱۳۵۶ھ

[3] علامہ عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱ ص ۲۷۲، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[4] علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۱ ص ۲۲۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

بالجنان وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم فی کل حین وآن۔

حررہ العبد الفقیر الی الخبیر محمد نور اللہ النعیمی غفرلہ

مورخہ شب ۱۳ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۸ھ ۸ بجے

الاستفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اندریں مسئلہ کہ ایسا نمازی جو اقامتِ نماز کے دوران مسجد میں آیا جبکہ امام بھی آچکا ہو تو کیا اس کا بیٹھ جانا ضروری ہے کہ حی علی الفلاح پر کھڑا ہو کیونکہ اس وقت قیام مستحب ہے جو قعود پر موقوف ہے حالانکہ مستحب کا موقوف علیہ بھی مستحب ہوتا ہے۔ بینوا ماجورین من رب العالمین۔

المستفتی: محمد اجمل نوری عفی عنہ

حضور پر نور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ جب کوئی تمہارا مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز ادا کرے۔ اور یوں بھی آیا کہ دو رکعتوں کے پڑھنے تک نہ بیٹھے (متفق علیہ) اس حکم کی بنا پر ہمارے ائمہ کرام اور جمہور کے نزدیک نماز تحیۃ المسجد مستحب مؤکد ہے بلکہ ہمارے مشائخ کرام نے یہ تصریح بھی فرمائی کہ سنت ہے[1] جو کسی بھی سنت یا فرض نماز سے بھی ادا ہو جاتی ہے جس سے پہلے بیٹھنا تاکیدی مستحب بلکہ سنت کا خلاف اور غیر اولیٰ ہے لہذا ایسا داخل ہونے والا جس کے متعلق سوال ہے

---

[1] تبیین الحقائق للزیلعی ص ۱۲۳ ج ۱، عینی علی الہدایہ ص ۸۴۳ ج ۱، طحطاوی علی الدر ص ۲۸۶ ج ۱، شرح الاشباہ والنظائر للحموی ص ۵۵ نیز فتاوی خیریہ ہے اس کے ص ۵۵۹ اور رفعی علی الشامیہ ص ۹۰ میں ہے والمنظور للزیلعی تحیۃ المسجد سنۃ۔ تنویر الابصار تحریراً اور در المختار اور شامی تشریحاً ص ۶۳۵ ج ۱ نیز طحطاوی علی الدر تقریراً ص ۲۸۶ ج ۱ میں ہے والمنظور للغزنوی یسن تحیۃ المسجد نور الایضاح اور مراقی اور طحطاوی تفصیلاً ص ۲۴۳ میں ہے سن تحیۃ المسجد۔ بحر الرائق اور شامی میں ہے وقد حکی الاجماع علی سنیتہا۔ شرح الاشباہ میں ہے وھو سنۃ اجماعا شامی میں ہے (قولہ یسن تحیۃ) کتب الشارح بہامش الخزائن (اسم شرحہ الکبیر للتنویر) ان ھذا رد علی صاحب الخلاصۃ حیث ذکر انہا مستحبۃ اور شرح الاشباہ میں ہے وانما اطلق المصنف علیہا الاستحباب لاشتمال السنۃ علی الاستحباب ۱۲ منہ غفرلہ